صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

بدھ 16 مارچ 2016ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

بدھ 16 مارچ 2016ء 6 جمادی الثانی 1437 ہجری 16 ۔امان 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 63

دشمنوں سے حسن سلوک

اللہ تمہیں ان سے منع نہیں کرتا جنہوں نے تم سے دین کے معاملہ میں قتال نہیں کیا۔

کیا تمہارے لئے ممکن ہے کہ اگر تم متولی ہو جاؤ تو تم زمین میں فساد کرتے پھرو۔ اور اپنے رحمی رشتوں کو کاٹ دو؟ (ہرگز نہیں)

اخلاق عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قادیان کے آریہ اور سکھ حضرت مسیح موعود اور آپ کے رفقاء سے سخت دشمنی رکھتے اور ایذا رسانی کے نئے نئے طریقے ڈھونڈتے رہتے۔ ان میں سے ایک لالہ بڈھامل ہوتے تھے جو منارۃ المسیح کی تعمیر کے خلاف ڈپٹی کمشنر کے سامنے مدعی ہوئے۔ اس موقع پر حضرت مسیح موعود کا درج ذیل ارشاد ان آریوں کی دشمنی اور جواباً آپ کے حسن سلوک کا جامع خلاصہ ہے۔ فرمایا:

''یہ لالہ بڈھامل بیٹھے ہیں آپ ان سے پوچھیں کہ کیا کبھی ایسا ہوا ہے کہ میرے لئے ان کو فائدہ پہنچانے کا کوئی موقع پیدا ہوا ہو اور میں نے ان کی امداد میں دریغ کیا ہو اور پھر ان سے یہ بھی پوچھیں کہ کیا کبھی ایسا ہوا ہے کہ مجھے نقصان پہنچانے کا انہیں کوئی موقع ملا ہو اور یہ نقصان پہنچانے سے رکے ہوں۔''

ایک بار قادیان کے یہ سکھ اور ہندو ایک احمدی دوست پر حملہ آور ہوئے۔ پولیس نے اس بلوہ کا نوٹس لے کر 16 آدمیوں کا چالان کر دیا۔ مقدمہ آخری مرحلہ پر جا پہنچا اور ملزمین کو سزا ہونے کو تھی کہ دو ہندو ملزم حضور کی خدمت میں آئے اور معافی چاہی۔ حضور نے معاف فرما دیا اور مقدمہ ختم کرنے کا حکم دیا۔ باوجودیکہ احمدی مدعی نہ تھے اور مقدمہ پولیس کی طرف سے تھا۔ حضور کے ارشاد پر مقدمہ ختم کرایا گیا۔ اس موقع پر مجسٹریٹ نے برملا کہا کہ

''ایسا مہربان انسان کم دیکھا گیا ہے جو دشمنوں کو اس وقت بھی معاف کر دے جب وہ اپنی سزا بھگتنے والے ہوں۔''

ان مخالف آریوں میں سے ایک کو دوران مقدمہ ہی مشک کی ضرورت پڑی تو حضرت مسیح موعود کے حسن سلوک پر بھروسہ کرتے ہوئے اس مہنگی چیز کے لئے وہ آپ کے در پر آ کر یوں درخواست گزار ہوا۔ ''مرزا صاحب! مشک کی ضرورت ہے کسی جگہ سے ملتی نہیں آپ کچھ دے دیں۔'' حضرت کو علم تھا کہ سوالی نہال سنگھ اس فتنہ کا ایک لیڈر رہے۔ مگر کچھ تعرض نہ فرمایا اور تقریباً نصف تولہ مشک اندر سے لا کر اس کے حوالے کی۔

ان مخالف آریوں میں سے ایک لالہ شرمپت رائے ایک بار سخت بیمار ہو گئے۔ حضرت مسیح موعود کو علم ہوا تو آپ خود عیادت کے لئے ان کے تنگ و تاریک مکان پر تشریف لے گئے اور علاج کے لئے قادیان میں موجود واحد ڈاکٹر کو مقرر فرمایا اور خرچ بھی خود اٹھایا۔ صحت یاب ہونے تک آپ روزانہ لالہ صاحب کی عیادت کو جاتے رہے۔

قادیان کے تین آریوں نے حضرت مسیح موعود کے خلاف ایک اخبار نکالا جس کا نام شبھ چنتک تھا اور جس میں آپ کے خلاف خوب گند اچھالا جاتا۔ آپ کی طاعون سے حفاظت کی پیشگوئی کے جواب میں اخبار کے مینیجر نے اپنے محفوظ رہنے کی پیشگوئی چھاپ دی۔ لیکن جلد خود اور دوسرا ساتھی طاعون کا شکار ہو گئے۔ تیسرا ابھی بیمار تھا کہ گھبرا کر قادیان کے ایک احمدی بزرگ حضرت حکیم عبید اللہ بسمل سے علاج کا درخواست گزار ہوا۔ حضرت بسمل نے اجازت کے لئے حضور کو لکھا تو آپ نے اس کی دشمنی کو نظر انداز کرتے ہوئے خوشی سے اجازت دی اور فرمایا۔

''آپ علاج ضرور کریں کیونکہ انسانی ہمدردی کا تقاضا ہے مگر میں آپ کو بتائے دیتا ہوں کہ یہ شخص بچے گا نہیں؟''

مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ مریم شادی فنڈ ہے۔ مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

''اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جا سکے گا۔'' (الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تا کہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہو سکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ (ناظر اعلیٰ)

مثالی وقار عمل و ہفتہ شجرکاری

مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ کے زیر اہتمام مورخہ 18 تا 24 مارچ 2016ء مثالی وقار عمل و ہفتہ شجرکاری منایا جا رہا ہے۔ مثالی وقار عمل مورخہ 18 مارچ بروز جمعۃ المبارک بعد نماز فجر ہو گا۔ جس میں تمام خدام اپنے گھروں کے سامنے کے حصہ کی صفائی، گلیوں اور نالیوں کی صفائی، بیوت الذکر اور اس کے اردگرد کے حصہ کی صفائی و تزئین، محلّہ کے داخلی و خارجی راستوں کی صفائی کو یقینی بنائیں خصوصاً ہر حلقہ سے گزرنے والی مین روڈ کی صفائی و تزئین کی جائے اسی طرح دوران ہفتہ گھروں کے اندر اور گھروں کے باہر بھرپور شجرکاری کریں۔ والدین سے بھرپور تعاون کی درخواست ہے۔

(مہتمم مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

اداریہ

ایران کے پہلے احمدی مربی حضرت شہزادہ عبدالمجید صاحب

انہوں نے سارا خرچ خود اٹھایا۔ آخری ایام کے حالات

سیدنا حضرت مصلح موعود نے 12 جولائی 1924ء کو حضرت شہزادہ عبدالمجید صاحب لدھیانوی کو ایران میں احمدیہ مرکز قائم کرنے کے لئے روانہ فرمایا۔ آپ ضعیف العمر بزرگ اور قدیم رفقائے مسیح موعود میں سے تھے۔ انہوں نے یہ عزم کیا تھا کہ وہ جماعت سے کچھ بھی نہ لیں گے۔ ایران کے سفر پر روانگی سے پہلے انہیں ایک عرصہ تک قادیان میں قیام کرنا پڑا جس کی وجہ سے پہلا اندوختہ بھی ختم ہوگیا۔ مگر آپ نے اس کا کسی سے ذکر نہیں کیا اور شدید نامساعد حالات میں ایران پہنچ کر دعوت الی اللہ کا فریضہ سرانجام دیتے رہے اور اسی حالت میں 1928ء میں اپنے مولائے حقیقی سے جاملے۔

آپ کی عظیم الشان قربانیوں کو حضرت مصلح موعود نے خراج تحسین پیش کرتے ہوئے فرمایا۔

یہ ایران کے لئے مبارک بات ہے کہ وہاں خدا تعالیٰ نے ایک ایسے شخص کو وفات دی جسے زندگی میں دیکھنے والے ولی اللہ کہتے تھے اور جسے مرنے پر شہادت نصیب ہوئی۔

(الفضل 27 مارچ 1928ء)

آپ کے آخری ایام کے حالات مرزا برکت علی صاحب امیر جماعت ایران نے الحکم 1934ء میں شائع کرائے۔ اس میں سے کچھ حصہ احباب کی خدمت میں پیش ہے۔

امیر جماعت مرزا برکت علی صاحب لکھتے ہیں۔

پچھلے دنوں میاں محمد خان صاحب موٹر ڈرائیور تہران سے آئے ہوئے تھے، میں نے ان سے شہزادہ صاحب مرحوم اور وہاں کے احمدیوں کے حالات دریافت کئے تو انہوں نے بتایا۔

پہلی ملاقات:

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے جب شہزادہ عبدالمجید صاحب کو دعوت الی اللہ کے لئے ایران جانے کی اجازت دی۔ تو مرحوم بہت سی تکلیفوں کے بعد طہران پہنچے۔ اتفاقاً جس شخص کے ساتھ ان کی پہلی ملاقات ہوئی اسی سے انہوں نے رہائشی مکان کے متعلق دریافت کیا۔ اس پر وہ شخص ان کو اپنے مکان میں لے گیا اور اسی میں رہنے کے لئے اپنی خواہش ظاہر کی۔ اس مکان کا کرایہ دو تومان (ایرانی سکہ) تھا ایک ہی کمرہ تھا۔ مرحوم نے وہیں رہنا پسند کیا اور نصف کرایہ اپنے ذمہ لے لیا۔

یہ مکان خیابان چارراہ شیخ ہادی کا بالاخانہ کے نام سے مشہور تھا۔ اس میں مرحوم نے ایک سال تک قیام فرمایا آپ کی محبت اور اخلاق کا اس شخص پر یہ اثر ہو کہ کچھ دنوں بعد وہ احمدی ہوگیا۔

پہلا کام:

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے مرحوم کو قادیان سے روانہ کرنے سے پہلے رؤیا میں دیکھا تھا کہ وہ خانقاہ درویش میں سیدنا حضرت مسیح موعود کے فارسی اشعار پڑھ کر سنا رہے ہیں اور تمام درویش اشعار سن کر وجد کی حالت میں جھوم رہے ہیں شہزادہ صاحب نے تہران میں پہنچ کر سب سے پہلے یہ کام کیا کہ خانقاہ درویش کا پتہ لگایا۔ خانقاہ معلوم کر کے وہاں پہنچے۔ تو دیکھا کہ بہت سے درویش بیٹھے ہیں سلام مسنون کے بعد اشعار پڑھنے شروع کر دیئے۔ شعر سن کر خانقاہ کے درویش جھومنے لگے۔ جب اشعار ختم کر چکے تو پھر دعوت الی اللہ کی۔

مرحوم اپنے ساتھ ''دعوت الامیر'' کے پچاس نسخے لائے تھے جو سب کے سب تقسیم کر دیئے۔ صرف ایک نسخہ ان کے پاس تھا جو وفات کے بعد محمد خان صاحب کے ہاتھ آیا اور اب اس وقت میرے پاس موجود ہے۔

عام طور پر دعوت الی اللہ کے لئے پہلے ملاقات کر کے وقت مقرر کر لیا کرتے تھے اور پھر وقت پر پہنچ کر پیغام حق پہنچاتے ایسے بعض لوگوں کے نام اور پتے اس نسخہ میں تحریر ہیں۔

شہزادہ صاحب تھوڑے ہی عرصہ میں سب طرف مشہور ہوگئے۔ جدھر جاتے لوگ مختلف باتیں کرتے۔ مخالف آپ پر آوازیں کستے۔ لیکن آپ بالکل پرواہ نہ کرتے اور اپنے فرض کو پوری طرح اپنی طاقت سے بڑھ کر ادا کرتے۔

تکالیف:

ایک روز آپ خیابان پارچنار میں جا رہے تھے کہ ایک دشمن نے پیچھے سے پکڑ کر دبا لیا۔ چونکہ آپ جسم کے بہت نازک اور پھر بڑھاپے کی وجہ سے بہت کمزور تھے اور قریب تھا کہ آپ کی کوئی پسلی ٹوٹ جائے کہ ایک شخص نے اس کو پکڑ کر بہت برا بھلا کہا اور وہ شرمندہ ہو کر چلا گیا۔

آپ کو آپ کے مہربان دوست عموماً کہا کرتے تھے کہ آپ رات کے وقت باہر نہ نکلا کریں۔ کیونکہ بعض دشمن چاہتے ہیں کہ آپ کو مار ڈالیں۔ لیکن آپ فرماتے کہ مجھے موت کا بالکل ڈر نہیں۔ صبح و شام باقاعدہ دعوت الی اللہ کے لئے جایا کرتے تھے اور کوئی موقعہ بھی ہاتھ سے نہ جانے دیتے تھے۔

ایک روز آپ دعوت الی اللہ کے لئے جا رہے تھے کہ چند آدمیوں کی ٹولی نے آپ کے گرد گھیرا ڈال لیا اور آپ دعوت الی اللہ میں مشغول رہے اتنے میں ایک شخص نے آپ کو دھکا دیا۔ خدا کی قدرت کہ اس ٹولی میں سے ایک شخص نے دھکا دینے والے کو وہیں پیٹا۔ مرحوم دعوت الی اللہ کا کام ایک جوان مربی سے بڑھ کر کیا کرتے تھے اور لوگ آپ کو ''پیر مرد دیوانہ است'' کہتے تھے۔

سامان کی کمی:

مرحوم جس مکان میں رہتے تھے۔ وہاں ان کے پاس چند کتابیں اور بستر کے علاوہ کوئی سامان نہ تھا۔ تاہم بعض شریر لوگ چوری کی غرض سے آتے اور جب موقع ملتا کوئی کتاب ہی اٹھا کر لے جاتے۔ آپ کی مالی حالت ایسی کمزور تھی کہ اس کی وجہ سے آپ کو سخت مشکلات کا سامنا رہتا۔ چونکہ یہ سرد علاقہ ہے اور سردی بھی جہاں شدت سے پڑتی ہے اور آپ کے پاس کافی گرم بستر بھی نہ تھا۔ اس لئے شام کو جب دعوت الی اللہ کر کے آپ واپس مکان کو تشریف لاتے تو راستہ سے کاغذ اٹھا کر لے آتے اور رات کو کاغذ جلا کر لحاف گرم کرتے۔ اس طرح سردیوں میں راتیں کاٹتے تھے اور ماہ رمضان میں آپ کے پاس جب کچھ نہ ہوتا تو چنے کھا کر روزہ رکھا کرتے تھے۔

تین رؤیا:

شہزادہ صاحب کو یہاں کے مخالفین کے متعلق تین رؤیا دکھائے گئے۔ جن کا مطلب یہ ہے کہ یہ لوگ بہت جلد ذلیل ہوں گے چنانچہ آج کل جتنی ان کی ذلت ہے وہ کسی سے نہیں۔

شہزادہ صاحب ایک سال تک اس بالاخانہ پر رہے۔ پھر وہاں سے مکان تبدیل کر کے کارواں سرائے میں چلے گئے۔ مرحوم نے اپنی وفات سے پہلے ایک رؤیا دیکھا کہ ایک سفید کاغذ ہے۔ آپ کے ہاتھ پر سفید دستانہ چڑھا ہوا ہے اور کچھ لکھ رہے ہیں اور رخ دروازہ عبدالعظیم کی طرف ہے (یہ دروازہ قبرستان کی طرف جانے والے راستہ کا ہے) اس رؤیا سے چند روز بعد آپ اپنے مالک حقیقی سے جاملے۔ (الحکم 7۔ اکتوبر 1934ء صفحہ 8)

اردو کے ضرب المثل اشعار

خنجر چلے کسی پہ تڑپتے ہیں ہم امیرؔ
سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے

....

اُلجھا ہے پاؤں یار کا زُلفِ دراز میں
لو آپ اپنے دام میں صیّاد آ گیا

وقارِ عمل ہماری روایت اور شان ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:

"وقارِ عمل کی روح یہ ہے کہ ہر احمدی نوجوان کو اس بات کی عادت ڈال دی جائے کہ وہ کسی کام کو بھی ذلیل اور حقیر نہ سمجھے اور جب تک یہ ذہنیت ہمارے نوجوانوں میں پیدا نہ ہو اس وقت تک وہ ان ذمہ داریوں کو ادا کرنے کے اہل ہو ہی نہیں سکتے۔ جو ذمہ داریاں خدا تعالیٰ نے ان پر ڈالی ہوئی ہیں اور جن ذمہ داریوں کے نبھانے کے لئے ہم لوگ آپ کو کہتے رہتے ہیں۔"

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:

"کوئی شخص بھی جماعت احمدیہ کی وقارِ عمل کی روح سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ سب سے زیادہ گہرا اثر کرنے والی چیز جو جماعت احمدیہ کی تنظیم میں پائی جاتی ہے جس کا بہت ہی وسیع اور گہرا اثر میں نے دیکھا ہے احمدیوں کی وقت کی قربانی اور اس قربانی کے نتیجہ میں عظیم الشان کام سرانجام دینا ہے۔"

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

"اللہ تعالیٰ پاک صاف رہنے والوں سے محبت کرتا ہے جیسا کہ وہ فرماتا ہے......(سورۃ البقرہ: 322) لیکن یہ بات واضح ہونی چاہئے جیسا کہ اس آیت میں فرمایا ہے کہ اصل اللہ تعالیٰ کا محبوب انسان اس وقت بنتا ہے جب توبہ و استغفار سے اپنی باطنی صفائی کا بھی ظاہری صفائی کے ساتھ اہتمام کرے۔ ہم میں سے ہر احمدی کا فرض بنتا ہے کہ ایمان کا دعویٰ کرنے کے بعد ہم اپنی ظاہری و باطنی صفائی کی طرف خاص توجہ دیں تا کہ ہماری روح و جسم ایک طرح سے اللہ تعالیٰ کی محبت کو جذب کرنے والے ہوں"۔

حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْإِيْمَانِ یعنی طہارت پاکیزگی اور صاف ستھرا رہنا ایمان کا ایک حصہ ہے۔"

(مسلم کتاب الطھارۃ باب فضل الوضوء)

ابو مالک اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "پاکیزگی اختیار کرنا نصف ایمان ہے۔" (المعجم الکبیر جلد 3)

حدیث میں آتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خاص طور پر سڑکوں کی صفائی کے بارے میں ارشاد فرماتے تھے۔

"اگر راستہ پر جھاڑیاں یا پتھر اور کوئی گندی چیز ہوتی تو آپ اسے خود اٹھا کر ایک طرف کر دیتے اور فرماتے کہ جو شخص راستوں کی صفائی کا خیال رکھتا ہے خدا اس پر خوش ہوتا ہے اور اسے ثواب عطا کرتا ہے۔"

(مسلم۔ کتاب البر و الصلۃ)

ربوہ کو سرسبز اور Lush Green (شاداب) کردیں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

"حضرت مصلح موعود کی خواہش تھی کہ میں نے رویا میں دیکھا تھا۔ ربوہ کی زمین کے متعلق کہ باقی جگہ تو بھی لگتی ہے لیکن یہاں سبزہ نہیں ہے، Greenery نہیں ہے۔ وہ امید ہے انشاء اللہ ہوجائے گی۔ حضرت مصلح موعود نے اس خواہش کا اظہار کیا تھا اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس بارے میں ربوہ کے لوگ بہت کوشش کر رہے ہیں۔ خاص طور پر اطفال اور خدام نے بہت کوشش کی ہے۔ انہوں نے وقارِ عمل کر کے، ربوہ کو آباد کرنے کی کوشش کی ہے۔ لوگ آ کے حیران ہوتے ہیں۔ آپ جیسی چھوٹی عمر کے بچوں نے وقارِ عمل کر کے وہاں پودے لگائے اور ان کو سنبھالا ہے۔ تو اب میری بچوں سے یہی درخواست ہے یہی میں کہوں گا یہی نصیحت ہے کہ جو پودے آپ نے لگائے ہیں ان کی حفاظت کریں اور مزید پودے لگائیں۔ درخت لگائیں، پھولوں کی کیاریاں بنائیں اور ربوہ کو اس طرح سرسبز اور Lush Green (شاداب) کردیں جس طرح حضرت مصلح موعود کی خواہش تھی۔ یہ چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں ان پر عمل کریں ایک تو یہ کہ ربوہ کے ماحول کو سرسبز کریں گے تو ماحول پر ایک خوشگوار اثر ہوگا۔ عمومی طور پر لوگوں کی توجہ ہوگی اور ایک نمونہ نظر آئے گا کہ یہاں کے بچے اور بڑے محنت سے اس شہر کو آباد کر رہے ہیں جبکہ پاکستان میں باقی جگہوں پہ جب تک حکومت نہ مدد کرے کوئی اتنا سبزہ نہیں کر سکتا بلکہ باوجود مدد کے بھی نہیں کر سکتا۔

تو ربوہ کے بچوں کے لئے میری یہی نصیحت ہے کہ تین باتیں میں نے کہی ہیں۔ ایک سلام کو رواج دیں، ایک (بیوت الذکر) میں زیادہ جائیں اور اپنے بڑوں کو بھی لے کر جائیں۔ تیسری بات ربوہ میں مزید پودے لگائیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی بھی خواہش تھی کہ ربوہ میں ہر گھر تین پھلدار پودے لگائے تو حضور کی اس خواہش پہ بھی عمل ہونا چاہئے اور اس کے علاوہ گھروں سے باہر بھی حضرت مصلح موعود کی خواہش پر بھی عمل کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ ربوہ کو سرسبز بنانے کی کوشش کرنی چاہئے۔ جزاکم اللہ"

(چلڈرن کلاس 7 جون 2003ء۔ الفضل ربوہ 10 جون 2003ء)

بیرونی صفائی سے پہلے اندرونی صفائی کی جاتی ہے

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

"دنیا میں ہمیشہ یہی طریق ہوتا ہے کہ پہلے اندرونی کمروں کی صفائی کی جاتی ہے۔ پھر بیرونی کمروں کی صفائی کی جاتی ہے۔ پھر صحن کی صفائی کی جاتی ہے۔ یہ کبھی نہیں ہوا کہ کوئی شخص ڈیوڑھی یا باہر کی گلی کو تو صاف کرنے لگ جائے اور اس کے اندرونی کمروں میں گند بھرا ہوا ہو۔ ہمیشہ بیرونی صفائی سے پہلے اندرونی صفائی کی جاتی ہے۔ باہر کی سڑکوں اور گلیوں اور صحن وغیرہ کو صاف کرنے سے پہلے اندرونی کمروں کی غلاظت اور گند کو دور کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد بیرونی کمروں کی صفائی کا وقت آتا ہے۔ پھر صحن کی صفائی کی طرف توجہ کی جاتی ہے۔ پھر گلی کی صفائی کا اہتمام کیا جاتا ہے اور جب تمام ان مراحل کو طے کیا جاتا ہے تو پھر اللہ تعالیٰ بعض لوگوں کو یہ توفیق عطا فرما دیتا ہے کہ وہ میونسپل کمیٹی کی شکل میں سارے شہر کی صفائی کا اہتمام کریں۔ پھر اس سے ترقی کر کے اللہ تعالیٰ بعض اور لوگوں کو یہ توفیق عطا فرما دیتا ہے کہ وہ ایک حکومت کی شکل میں سارے ملک کی صفائی کا انتظام کریں۔"

(الفضل 7 جنوری 2010ء)

اپنے ہاتھ سے صفائی کی عادت ڈالیں

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی بیان فرماتے ہیں:۔

"میں نے تحریک کی تھی کہ قومی طور پر یہ کام کیا جائے اور سڑکیں بنائی اور نالیاں درست کی جائیں تا نگرانی ہو سکے اور دوسروں کو بھی تحریک ہو۔...... جب تک دنیا میں ایسے لوگ موجود ہیں جن کو ہاتھ سے کام کرنے کی عادت نہیں وہ کوشش کریں گے کہ ایسے لوگ دنیا میں موجود رہیں جو ان کی خدمت کرتے رہیں اور دنیا ترقی نہ کرے۔ میری غرض یہ ہے کہ اس کام کو نہایت اہمیت دی جائے اور پورے اہتمام سے شروع کیا جائے۔ افسوس ہے اس وقت تک کوئی مستعدی نہیں دکھائی گئی۔ یہاں بھی خدام الاحمدیہ کو یہ کام شروع کر دینا چاہئے اور پھر دوسرے گاؤں اور شہروں میں بھی شروع ہونا چاہئے۔ گاؤں کے لوگوں کو صفائی کا خاص خیال رکھنا چاہئے۔

......بعض لوگ تو ایسے احمق ہیں کہ وہ گندہ رہنے کو نیکی سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ صفائیاں کرنا انگریزوں کا کام ہے۔ ہم مومن اور مخلص ہیں۔ ہمیں ان باتوں سے کیا؟ وہ مومن مخلص اسے سمجھتے ہیں جو زیادہ گندہ ہو۔ زمانہ کتنا بدل جاتا ہے۔ میں سلطان صلاح الدین ایوبی کی زندگی کے حالات ایک تاریخ کی کتاب میں پڑھ رہا تھا۔ گو اس زمانہ میں مسلمانوں میں تنزل کے آثار شروع ہوگئے تھے مگر پھر بھی میری آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں جب میں نے دیکھا کہ اس میں صفحوں کے صفحے اس موضوع پر لکھے ہوئے ہیں کہ ایک یورپین عیسائی اور شامی مسلمان میں کیا فرق ہے۔

اور فرق یہ بتائے گئے ہیں کہ مسلمان صاف ستھرا ہوتا ہے۔ اس کا بدن اور اس کے کپڑے اور مکان صاف ہوتا ہے لیکن یورپین گندہ ہوتا ہے۔ اس کے بال اور ناخن بڑھے ہوئے ہوتے ہیں...... ہر جگہ کے احمدی اس حالت کے برعکس نقشہ دکھا سکتے ہیں۔ مگر افسوس ہے کہ ابھی یہاں بھی عمل شروع نہیں ہوا۔ خدام الاحمدیہ کو چاہئے کہ اس مسئلہ کو اچھی طرح سمجھ لیں اور دوسروں کو سمجھائیں اور عملاً کام کریں۔......

لوگ گلیوں میں گند نہ پھینکیں

لوگ گلیوں میں گند نہ پھینکیں اور اگر کوئی پھینکے تو سب مل کر اسے اٹھائیں۔ تھوڑی سی محنت سے صفائی کی حالت اچھی ہو سکتی ہے۔ گاؤں میں رہنے والے احمدیوں کو بھی صفائی کی طرف خاص توجہ چاہئے۔ میں نے اپنے آنکھوں سے دیکھا ہے کہ وہ صفائی کا خیال نہیں رکھتے۔...... ہمارے ملک میں گندگی کا مفہوم بالکل بدل گیا ہے اور یہ ہاتھ سے کام نہ کرنے کا ہی نتیجہ ہے۔......

میں نے خدام الاحمدیہ کو توجہ دلائی تھی کہ وہ اس کام کو خاص طور پر شروع کریں اور اب بھی جب تک وہ سکیم نہ بنے، ہر محلّہ کے ممبر ذمہ وار سمجھے جائیں محلّہ کی صفائی کے۔ پہلے لوگوں کو منع کرو اور سمجھاؤ کہ گلی میں گند نہ پھینکیں اور اگر وہ پھر بھی باز نہ آئیں تو پھر خود جا کر اٹھائیں۔ جب وہ خود اٹھائیں گے تو پھینکنے والوں کو بھی شرم آئے گی اور جب عورتیں دیکھیں گی کہ وہ گند گلی میں پھینکتی ہیں وہ ان کے باپ یا بھائی یا بیٹے کو اٹھانی پڑتی ہے تو وہ سمجھیں گی کہ یہ برا کام ہے اور وہ اس سے باز رہیں گی۔"

(الفضل 7 جنوری 2010ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

"اب دیکھیں مومن کے لئے صفائی کا خیال رکھنا کتنا ضروری ہے، اور یہ احادیث اکثر...... کو یاد ہیں، کبھی ذکر ہو تو آپ کو فوراً حوالہ بھی دے دیں گے۔ لیکن اصل بات یہ ہے کہ اس پر عمل کس حد تک ہے؟ یہ دیکھنے والی چیز ہے، اگر ایک جگہ صفائی کرتے ہیں تو دوسری جگہ گند ڈال دیتے ہیں اور بدقسمتی سے ...... میں جس شدت سے صفائی کا احساس ہونا چاہئے وہ نہیں ہے اور اسی طرح اپنے ماحول میں احمدیوں میں بھی جو صفائی کے اعلیٰ معیار ہونے چاہئیں وہ مجموعی طور پر نہیں ہیں۔ بجائے ماحول پر اپنا اثر ڈالنے کے ماحول کے زیر اثر آ جاتے ہیں۔ پاکستان اور تیسری دنیا کے ممالک میں اکثر جہاں گھر کا کوڑا کرکٹ اٹھانے کا کوئی باقاعدہ انتظام نہیں ہے، گھر سے باہر گند پھینک دیتے ہیں حالانکہ ماحول کو صاف رکھنا بھی اتنا ہی

ضروری ہے جتنا اپنے گھر کو صاف رکھنا۔ ورنہ تو پھر اس گند کو باہر پھینک کر ماحول کو گندا کر رہے ہوں گے اور ماحول میں بیماریاں پیدا کرنے کا باعث بن رہے ہوں گے۔ اس لئے احمدیوں کو خاص طور پر اس طرف توجہ دینی چاہئے۔ کوئی ایسا انتظام کرنا چاہئے کہ گھروں کے باہر گند نظر نہ آئے۔ ربوہ میں، جہاں تقریباً 98 فیصد احمدی آبادی ہے، ایک صاف ستھرا ماحول نظر آنا چاہئے۔ اب ماشاء اللہ تزئین ربوہ کمیٹی کی طرف سے کافی کوشش کی گئی ہے۔ ربوہ کو سرسبز بنایا جائے اور بنا بھی رہے ہیں۔ کافی پودے، درخت گھاس وغیرہ سڑکوں کے کنارے لگائے گئے ہیں اور نظر بھی آتے ہیں۔ اکثر آنے والے ذکر کرتے ہیں اور کافی تعریف کرتے ہیں۔ کافی سبزہ ربوہ میں نظر آتا ہے۔ لیکن اگر شہر کے لوگوں میں یہ حس پیدا نہ ہوئی کہ ہم نے نہ صرف ان پودوں کی حفاظت کرنی ہے بلکہ اردگرد کے ماحول کو بھی صاف رکھنا ہے تو پھر ایک طرف تو سبزہ نظر آ رہا ہوگا اور دوسری طرف کوڑے کے ڈھیروں سے بدبو کے بھبھاکے اٹھ رہے ہوں گے۔ اس لئے اہل ربوہ خاص توجہ دیتے ہوئے اپنے گھروں کے سامنے نالیوں کی صفائی کا بھی اہتمام کریں اور گھروں کے ماحول میں بھی کوڑا کرکٹ سے جگہ کو صاف کرنے کا بھی انتظام کریں۔ تا کہ کبھی کسی راہ چلنے والے کو اس طرح نہ چلنا پڑے کہ گند سے بچنے کیلئے سنبھال سنبھال کر قدم رکھ رہا ہو اور ناک پر رومال ہو کہ بو آ رہی ہے۔ اب اگر جلسے نہیں ہوتے تو یہ مطلب نہیں کہ ربوہ صاف نہ ہو بلکہ جس طرح حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے فرمایا تھا کہ دلہن کی طرح سجا کے رکھو۔ یہ سجاوٹ اب مستقل رہنی چاہیے۔ مشاورت کے دنوں میں ربوہ کی بعض سڑکوں کو سجایا گیا تھا۔ تزئین ربوہ والوں نے اس کی تصویریں بھیجی ہیں، بہت خوبصورت سجایا گیا لیکن ربوہ کا اب ہر چوک اس طرح سجنا چاہیے تا کہ احساس ہو کہ ہاں ربوہ میں صفائی اور خوبصورتی کی طرف توجہ دی گئی ہے اور ہر گھر کے سامنے صفائی کا ایک اعلیٰ معیار نظر آنا چاہئے اور یہ کام صرف تزئین کمیٹی نہیں کر سکتی بلکہ ہر شہری کو اس طرف توجہ دینی ہوگی۔

اسی طرح قادیان میں بھی احمدی گھروں کے اندر اور باہر صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ ایک واضح فرق نظر آنا چاہئے۔ گزرنے والے کو پتہ چلے کہ اب وہ احمدی محلے یا احمدی گھر کے سامنے سے گزر رہا ہے۔ اس وقت تو مجھے پتہ نہیں کہ کیا معیار ہے، 1991ء میں جب میں گیا ہوں تو اس وقت شاید اس لئے کہ لوگوں کا رش زیادہ تھا، کافی مہمان بھی آئے ہوئے تھے لگتا تھا کہ ضرورت ہے اس طرف توجہ دی جائے اور میرے خیال میں اب بھی ضرورت ہوگی۔ اس طرف خاص توجہ دیں اور صفائی کا خیال رکھیں اور جہاں بھی نئی عمارات بن رہی ہیں اور تنگ محلوں سے نکل کر جہاں بھی احمدی کھلی جگہوں پر اپنے گھر بنا رہے ہیں وہاں صاف ستھرا بھی رکھیں اور سبزے بھی لگائیں، درخت پودے گھاس وغیرہ لگنا چاہئے اور یہ صرف قادیان ہی کے لئے نہیں ہے بلکہ اور جماعتی عمارات ہیں ان میں خدام الاحمدیہ کو خاص طور پر توجہ دینی چاہئے کہ وہ وقار عمل کر کے ان جماعتی عمارات کے ماحول کو بھی صاف رکھیں اور وہاں پھول پودے لگانے کا بھی انتظام کریں اور صرف قادیان میں نہیں بلکہ دنیا میں ہر جگہ جہاں بھی جماعتی عمارات ہیں ان کے اردگرد خاص طور پر صفائی اور سبزہ اس طرح نظر آئے کہ ان کی اپنی ایک انفرادیت نظر آتی ہو‘‘۔

(الفضل 7 جنوری 2010ء)

’’صفائی کے ضمن میں ایک انتہائی ضروری بات جو جماعتی طور پر ضروری ہے وہ ہے جماعتی عمارات کے ماحول کو صاف رکھنا۔ اس کا پہلے میں ذکر کر چکا ہوں۔ اس کا باقاعدہ انتظام ہونا چاہئے۔ اور خدام الاحمدیہ کو وقار عمل بھی کرنا چاہئے۔ اور اگر عمارت کے اندر کا حصہ ہے تو لجنہ کو بھی اس میں حصہ لینا چاہئے۔ اور اس میں سب سے اہم عمارات (بیوت الذکر) ہیں (بیوت الذکر) کے ماحول کو بھی پھولوں، کیاریوں اور سبزے سے خوبصورت رکھنا چاہئے، خوبصورت بنانا چاہئے۔ اور اس کے ساتھ ہی (بیت الذکر) کے اندر کی صفائی کا بھی خاص اہتمام ہونا چاہئے‘‘۔ (الفضل 7 جنوری 2010ء)

چھلکے سڑک پر نہ پھینکیں

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:۔

’’اب آپ اپنے ماحول میں دیکھیں کہ کتنے لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کے اس حکم کو جانتے، سمجھتے اور پھر اس پر عمل کرنے کے لئے تیار ہوتے ہیں اور اس گندے ماحول میں ہمارے بہت سے احمدی خدام بھی ایسے ہوں گے جن کو یہ خیال نہیں آتا ہوگا کہ سڑک پر کوئی تکلیف دہ چیز نہ پھینکیں۔ اوّل تو سڑک پر کھانا پسندیدہ نہیں۔ لیکن اگر کہیں ضرورت پڑ جائے (بعض دفعہ مسافروں کو سڑک کے کنارے پر کھانے کی جائز ضرورت پڑ جاتی ہے)۔ تو وہ تربوز کھائیں گے تو اس کے چھلکے وہیں سڑک پر پھینک دیں گے۔ آم کھائیں گے تو اس کی گٹھلیاں وغیرہ وہیں سڑک پر پھینک دیں گے۔ کیلا کھائیں گے تو اُس کے چھلکے وہیں سڑک پر پھینک دیں گے اور بعض دفعہ آٹھ دس منٹ کے بعد کوئی بچہ دوڑتا ہوا وہاں سے گزرے اور کیلے کے چھلکے یا آم کی گٹھلی یا تربوز کے چھلکے پر سے پاؤں پھسلے اور گرے اور اس کی کوئی ہڈی ٹوٹ جائے تو ایسے شخص نے اس سڑک کی خدمت نہیں کی۔ نیز اس نے بنی نوع انسان میں سے کسی کو تکلیف پہنچانے کا امکان پیدا کر دیا‘‘۔

(الفضل 7 جنوری 2010ء)

مکرم حافظ مظفر احمد صاحب

حضرت شماس بن عثمان قریشیؓ

نام و نسب

حضرت شماسؓ کا اصل نام تو اپنے والد کے نام پر عثمان تھا۔ مگر سرخ و سفید رنگ میں اتنے حسین اور خوبصورت تھے کہ چہرہ سورج کی طرح دمکتا تھا۔ یہاں تک کہ ان کا لقب ہی شمس اور پھر شماس پڑ گیا یعنی سورج کی طرح روشن چہرہ والے۔ آپ قبیلہ بنی مخزوم میں سے تھے۔ والدہ صفیہ بنت ربیعہ بنو عبد شمس میں سے تھیں۔ اہلیہ اُم حبیب ابتدائی ہجرت کرنے والی مسلمان خواتین میں سے تھیں۔ انہوں نے ابتدائی زمانے میں ہی قبول اسلام کی سعادت حاصل کی ہے۔ (اسد الغابہ جلد 3 صفحہ 3)

اہل مکہ کی مخالفت کا سامنا کرنے کے بعد بالآخر حبشہ ہجرت کرنا پڑی۔ حبشہ ہجرت کرنے والے دوسرے گروہ میں حضرت شماسؓ بھی شامل تھے۔ (ابن سعد جلد 3 صفحہ 245)

بعد میں انہوں نے مدینہ ہجرت کی بھی توفیق پائی۔ یہاں آکر محلّہ بنی عمرو بن عوف میں ٹھہرے اور حضرت مبشرؓ بن عبد المنذر کے پاس قیام کیا۔ غزوہ بدر کا موقع آیا تو اس میں شامل ہوئے، پھر غزوہ اُحد میں شرکت کی اور جام شہادت نوش کیا۔ آخر وقت تک بنی عمرو بن عوف میں ہی قیام رہا۔ آنحضرت ﷺ نے حنظلہؓ بن ابی عامر کے ساتھ ان کی مواخات قائم کر کے اسلامی اخوت کے رشتے میں منسلک فرمایا تھا۔

حفاظت رسولؐ میں جان کی قربانی

حضرت شماسؓ بدر اور احد میں نہایت دلیری اور بہادری کے ساتھ شریک ہوئے تھے۔ مگر ان کی غیر معمولی خدمت جوان کے روشن چہرے کی طرح ان کی سیرت اور کردار کو چار چاند لگا گئی اور ہمیشہ کے لئے تاریخ میں ان کا نام زندہ کرنے والی بن گئی وہ ان کا احد کے میدان میں آنحضرت ﷺ کی حفاظت کرتے ہوئے قربان ہو جانا ہے۔ میدان احد میں آنحضرت ﷺ کے آگے پیچھے اور دائیں بائیں لڑنے والوں میں جہاں مشہور تیر انداز حضرت ابو طلحہؓ انصاری تھے اور حضرت طلحہؓ بن عبید اللہ ہاشمی بھی تھے جنہوں نے اپنا ہاتھ بطور ڈھال آنحضرت ﷺ کے چہرے کے سامنے کر رکھا تھا اور ہر آنے والا تیر اپنے ہاتھ پر لیتے تھے۔ وہاں حضرت شماسؓ بھی ہیں جو آنحضرت ﷺ کے آگے اس طرح سینہ سپر ہوگئے کہ خود رسول اللہؐ نے خصوصیت کے ساتھ اس کا ذکر کیا۔ آپؐ نے فرمایا کہ ’’شماسؓ کو اگر میں کسی چیز سے تشبیہ دوں تو اسے ڈھال سے تشبیہ دے سکتا ہوں کہ وہ احد کے میدان میں میرے لیے ایک ڈھال ہی تو بن گیا تھا اور میرے آگے پیچھے دائیں اور بائیں ہو کر حفاظت کرتے ہوئے آخر دم تک لڑتا رہا‘‘۔ آنحضرت ﷺ جدھر نظر ڈالتے شماسؓ آپ کو نہایت بہادری اور دلیری سے لڑتے ہوئے دکھائی دیتے تھے۔ آپؐ نے دیکھا کہ جو حملہ آور بھی آگے بڑھنے کی کوشش کرتا شماسؓ اپنی تلوار کے ساتھ مقابلہ کر کے ان کو پیچھے ہٹاتا ہے۔

ظاہر ہے دشمن کا ہدف رسول کریم ﷺ کی ذات تھی۔ جب وہ آنحضور ﷺ پر حملہ میں کامیاب ہوئے اور زخمی ہونے کے بعد رسول کریم ﷺ پر غشی کی کیفیت طاری ہوگئی، تب بھی شماسؓ آگے ڈھال بن کر کھڑے رہے یہاں تک کہ خود شدید زخمی ہوگئے۔ اس حالت میں ان کو مدینے لایا گیا اور حضرت عائشہؓ کے گھر میں تیمارداری کے لئے رکھا گیا۔ حضرت اُم سلمہؓ نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ یہ میرے چچا کے بیٹے ہیں میرے گھر میں ان کی تیمارداری ہونی چاہئے۔ چنانچہ وہیں ان کی تیمارداری ہوئی۔ اس شدید زخمی حالت میں ایک دن اور ایک رات اس طرح گزارا کہ وہ کچھ کھا پی نہ سکتے تھے۔ اسی حال میں ان کی وفات ہوگئی۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ شماسؓ کو بھی اس کے کپڑوں میں ہی دفن کیا جائے، جس طرح دوسرے شہداء کو بھی ان کے لباس میں دفن کیا گیا۔ نیز فرمایا کہ شہداء کی طرح ان کی کوئی الگ نماز جنازہ بھی نہیں ہوگی اور تدفین بھی میدان اُحد میں کی جائے جہاں دیگر شہداء اُحد کی تدفین ہوئی۔ گویا رسول اللہ ﷺ نے ان کو ہر پہلو سے شہداء اُحد کے زمرے میں شامل فرمایا۔ اس خوش بخت حسین و جمیل جوان رعنا کی عمر صرف چونتیس برس تھی جب وہ اپنے آقا و مولا حضرت محمد رسول اللہ ﷺ پر فدا ہوگیا۔

(ابن سعد جلد نمبر 3 صفحہ 246)

اس جوان موت سے حضرت شماسؓ کے اہل و عیال اور بہن بھائیوں کو صدمہ ہونا طبعی امر تھا۔ حضرت حسان بن ثابتؓ نے اس پر مرثیہ کہا جس میں ان کی بہن کو تعزیت کرتے ہوئے وہ یوں مخاطب ہوتے ہیں کہ ’’اے شماسؓ کی بہن! صبر کرو، دیکھو شماسؓ بھی تو ایک انسان تھا۔ وہ بھی حضرت حمزہؓ کی طرح آنحضرت ﷺ پر فدا ہو گیا ہے۔ پس یہ ایک صبر کا معاملہ ہے تم بھی اس پر صبر کرو‘‘۔ یہ تھے حضرت شماسؓ کہ بظاہر جن کا نام روایات میں بہت معروف نہیں ہے مگر آنحضرت ﷺ نے اپنے آگے اور پیچھے، حفاظت کرنے والوں میں ان کو بطور ڈھال قرار دے کر انہیں وفا کی سند عطا فرما دی اور اُحد کے میدان میں شہادت پا کر اللہ تعالیٰ کے حضور انہوں نے شہادت کا بلند مرتبہ پایا۔

مشہور شہر

فلورنس (Florence) وسطی اٹلی کا مشہور شہر

یہ شہر دریائے آرنو (arno) کے کنارے آباد ہے۔ یہ عجائب گھروں کا شہر ہے۔ یہاں کم وبیش 5 درجن کے قریب عجائب گھر ہیں۔ اطالوی زبان میں اسے فائرنز (firenze) بھی کہتے ہیں۔ یہ 43.47 درجے شمال اور 11.15 درجے مشرق کے مابین صوبہ ٹسکنی میں قدیم ترین شہر ہے۔ اس کی آبادی 36 لاکھ کے لگ بھگ ہے۔

1200ء کے بعد خود اختیاری ملنے اور تجارتی وتمدنی مرکز بننے پر اسے عالمی شہرت حاصل ہوئی۔ گویلف (guelph) اور گبیلین (ghibelline) (جو بعد میں سیاہ اور سفید گویلف کہلائے) کی سیاسی کشمکش کے باوجود فلورنس نے حریف شہروں سے کامیاب لڑائیاں کیں خصوصاً پیسا (pisa) سے جو اس کی پھیلتی قلمرو میں جذب ہوگیا۔

میڈیچی دوبار (1494-1512) (1527-1530) جلاوطن ہوئے اور دونوں دفعہ بیرونی مداخلت کے بل پر بحال ہوگئے۔ پہلے انقلاب میں ساوونا رولا (savonarola) اور میکیاولی (machiavelli) نے نمایاں حصہ لیا۔ 1569ء میں کوزیمو (cosimo) اول ڈی میڈیچی کو ٹسکنی کا گرینڈ ڈیوک بنایا گیا۔ 1865ء تا 1870ء فلورنس اٹلی کا دارالحکومت رہا اور اسے اطالوی احیاء کا گہوارہ اور گل سرسبد ہونے کا شرف ملا۔ چودھویں سے سولہویں صدی عیسوی میں تخلیقی سرگرمیاں اوج کمال پر رہیں۔ غیر معمولی ذکاوت کے جو لوگ فلورنس میں پیدا ہوئے یا انہوں نے وہاں تخلیقی کام انجام دیئے ان میں سے دانتے (dante) اور بوکاچیو (boccaccio) فرانجلیکو (fraanglico) برونیلیکی، ڈوناٹیلو، ریفائل (raphael) مائیکل انجلو اور چلینی زیادہ معروف ہیں۔ یہ شہر دنیا میں آرٹ کا غالباً سب سے بڑا مخزن بھی ہے۔ 1966ء کے سیلاب نے اس شہر کو بری طرح متاثر کیا۔ شہر میں متعدد قابل دید مقامات ہیں۔

مذہبی مقامات اور محلات

ان مقامات میں سان گیووانی (san giovanni) (10ویں صدی عیسوی) دی ڈومو (the doumo) 1296، پلازو ڈیگلی یوفیضی (palazzo degli uffizi) پلازو پٹی (pitti palazo) اور پانٹی وئیچیو (ponte vecchio دوبارہ تعمیر 1345ء) قابل ذکر ہیں۔ یہاں کثیر تعداد میں لوگ مذہبی رسومات کی ادائیگی کے لئے آتے ہیں۔

Laurentian لائبریری

اس میں کتابوں کا ایک وسیع ذخیرہ موجود ہے۔ لائبریری میں کام کا آغاز 1524ء میں ہوا۔ یہاں انجینئر لیونارڈوڈ کی نوٹ بک اور لاطینی شاعر ورجل (virgil) (19-70) ق م کے مسودات بھی محفوظ کیے گئے ہیں۔

پٹی پیلس (Pitti Palace)

فلورنس کا ایک محل جس کا ڈیزائن 15ویں صدی عیسوی میں مشہور ماہر تعمیرات برونلسکی (brunelleschi) نے بنایا۔ دراصل یہ ٹسکنی کے گرینڈ ڈیوک کی رہائش گاہ تھا۔ اسے چاندی کی مصنوعات اور جدید فنون لطیفہ کے نمونوں سے مزین کر دیا گیا ہے۔ پیلاٹائن (Palatine) گیلری بھی اسی احاطے میں ہے برونلسکی بھی یہیں پیدا ہوا تھا۔

تعلیمی ترقی

تعلیمی اعتبار سے یہ ایک ترقی یافتہ شہر ہے۔ یہاں کی قدیم ترین یونیورسٹی کا قیام 1321ء میں عمل میں آیا۔

مواصلات کا نظام

شہر کا مواصلاتی نظام انتہائی عمدہ طریقے سے چلایا جا رہا ہے۔ بسوں کے علاوہ ریل بھی چلتی ہے۔ نیز ہوائی اڈہ بھی ہے۔ یہاں کی جیولری بڑی مشہور ہے۔

وئیچیو پیلس (Palazzo Vechio)

میڈیچی خاندان کا محل ہے۔ یہ اب تک فلورنس کی عمارات میں اپنا اہم مقام رکھتا ہے۔ 1610ء میں گلیلیو نے مشتری سیارے کے چار چاندوں کو فلورنس میں ہی میں بیٹھ کر دریافت کیا تھا۔

جیوٹو ٹاور (Giotto Tower)

یہ فلورنس کی نہایت شاندار عمارت ہے۔ اٹلی کے مشہور مصور جیوٹو (Giotto) (1266-1337) کی یاد میں تعمیر کیا گیا۔ جیوٹو فلورنس میں ماسٹر آف ورکس کے عہدے پر فائز رہا۔

سانتا ماریا کتھیڈرل

19ویں صدی عیسوی کا تعمیر کردہ یہ کتھیڈرل اپنے تعمیراتی حسن میں بے مثال ہے اور گاتھک طرز کا ہے۔ (مرسلہ: مکرم امان اللہ امجد صاحب)

فلورنس۔ اٹلی اور اس کا ماحول



حضرت سعیدؓ بن زید بن عمرو

آپ حضرت عمرؓ کے بہنوئی تھے۔ دونوں میاں بیوی حبشہ کو ہجرت کر گئے تھے اور بعد از جنگ بدر واپس آئے تھے۔ ان کے والد زید بن عمرو، دین ابراہیمی کے پیروکار تھے۔ جب تک زندہ رہے بت پرستی سے محترز رہے۔ آپؓ کی وفات 50ھ یا 51ھ میں ستر برس کی عمر میں بمقام عقیق نواح مدینہ ہوئی۔ یہ جمعہ کا روز تھا۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے نماز جنازہ پڑھائی اور مدینہ لاکر سپرد خاک کیا۔

ہوائی جہاز پر دستیاب مفت اشیاء

سوڈا کا پورا کین

